Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۲۰) نمبر مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۴ صفر ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۶ مئی ۱۹۳۶ء (جلد ۲۱)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری ریٹائرمنٹ منشی عبدالوحید خاں صاحب چیف مجسٹریٹ (و تقرر چودھری شرف الزماں - بیرسٹر ایٹ لا)	۲	۳	منظوری اضافہ گریڈ تنخواہ مسٹر محمود خاں (ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس)	۲ و ۳
۲	منظوری رخصت نمبر ترتیب ۱ جناب انسپکٹر جنرل صاحب پولیس	۲	۴	منظوری رخصت نمبر ترتیب ۱ جناب آئی جی منسٹر بہادر	۳

اُمورِ دائرہ اسٹیٹ کونسل رامپور ۴

۱	منظوری "قواعد ادخال رقم ضمانت بصورت نقد"	

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	منظوری رخصت منشی عبدالوحید خاں چیف مجسٹریٹ (بطور پریپیریٹری ٹورنامنٹ)	۵

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی ادام اقبالہم وملکہم

روبکار نمبر— (مسوری) واقع ۱۱ مئی ۱۹۳۶ء

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی منشی عبدالوحید خاں چیف مجسٹریٹ کی عمر ۶۰ سال سے زائد ہے بوجہ کبرسنی عالیجناب صاحب چیف جسٹس بہادر نے ان کو خدمات سے ریٹائر کرنے کی تحریک کی ہے۔ انکو جس قدر رخصت کا استحقاق ہے بطور پریپریٹری رخصت حاصل کر سکتے ہیں منظوری رخصت اور ان کی رقم تنخواہ ایام رخصت کے متعلق حسب ضابطہ کارروائی کیجائے۔

حسب تجویز عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر چودھری شرف الدین بیرسٹرایٹ لا کا تقرر ۲۶ مئی ۱۹۳۶ء سے بتنخواہ چارسو روپیہ ماہوار اسامی چیف مجسٹریٹ منظور کیجاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع عرضداشت برائے کارروائی اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور ادام اقبالہم

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۱۲ مئی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار نمبر— (مسوری) واقع ۱۱ مئی ۱۹۳۶ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے حسب تجویز عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بموجب شرائط منظور شدہ عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو ۲۰ جون لغایتہ ۲۰ جولائی ۱۹۳۶ء بمقام نینی تال اور ۲۶ ستمبر لغایتہ ۱۰ ستمبر ۱۹۳۶ء بمقام مسوری زمانہ سیشن بسر کرنے کی منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور ادام اقبالہم

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل دارالانشاء کو اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔ ۱۲ مئی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:— (مسوری) واقع ۱۱ مئی ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ مسٹر محمود خاں سپرنٹنڈنٹ پولیس کی تنخواہ میں مبلغ بیس روپیہ ماہوار اضافہ گریڈ سالانہ ۱۲ دسمبر ۱۹۳۵ء سے منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور ادام اقبالہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور ادام اقبالہم وملکہم

بعد عرض   حسب ذیل

جناب عالی

مسٹر محمود خاں صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس ۱۲ دسمبر ۱۹۳۵ء سے سالانہ اضافہ گریڈ بیس روپیہ ماہوار کے مستحق ہیں چیف فنانس کو اضافہ سے اتفاق ہے۔ کونسل نے بھی بمد منتظ

۱۵ رمئی ۱۹۳۶ء میں اضافہ تنخواہ سے اتفاق کیا ہے۔ [illegible]
مستدعی ہے کہ بیگمات ہوالوں سے بحکم منظوری اضافہ گریڈ
ماہانہ جو بعد تجویز ماہوار از ۱ ماہ دسمبر ۱۹۳۵ء شرف نفاذ پائے
زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی

[illegible] تنخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۹ رمئی ۱۹۳۶ء

حسب منشا حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل دار الانشاء کو اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔ ۱۴ رمئی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

مراسلہ:- (صدر) مورخہ ۹ رمئی ۱۹۳۶ء

کو ذات مقدس کی واقف ہوئے سبب [illegible] عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر و عالیمرتبت صاحب آئی جی منسٹر ہوم کی رخصت (۲۲) یوم بغیر رخصت تحت منظور ہے ایام رخصت میں عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر ان کا کام انجام دیں گے۔ [illegible] دلاور حسین خان کو [illegible] افسر سکینڈ رامپور [illegible] انفنٹری گریڈ پریڈ وغیرہ کے ذمہ دار رہیں گے اور عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر بھی نگرانی کریں گے۔ ۹ رمئی لغایت ۱۸ رجون ۱۹۳۶ء .... رخصت ۴۰ یوم

۱۹ رجون لغایت ۹ رجولائی رامپور رہیں گے

۱۰ رجولائی لغایت ۲۰ رجولائی .... رخصت ۱۱ یوم

۲۱ رجولائی لغایت ۲۹ راگست رامپور رہیں گے

۳۰ راگست لغایت ۵ رستمبر .... رخصت ۷ یوم

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل رامپور

۹ مئی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۵ مئی ۱۹۳۶ء میں تجویز عالیہ نسبت مثل ناتمامی مشتہرہ بابت منظوری قواعد داخل رقم ضمانت بصورت نقد پیش ہو کر طے پایا کہ حسب تجویز قواعد مذکور کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل حکم ہذا کی مع نقل قواعد درج گزٹ ہو۔

دستخط متعلقہ سکریٹری اسٹیٹ کونسل

قواعد داخل رقم ضمانت بصورت نقد

جو شخص اپنی ضمانت کی رقم بسلسلہ تکمیل ضمانت بصورت نقدی امپریل بنک یا ڈاکخانہ میں جمع کرنا چاہے یا جمع کر دے اسکو یہ معاہدہ کرنا ہوگا کہ اس کی پاس بک کسی افسر کی سپردگی میں رہیگی جس کو گورنمنٹ رامپور نے اپنی طرف سے نامزد کیا ہو اور اس ضمانت میں پاس بک منتقل کی اطلاع وہ شخص بنک یا ڈاکخانہ کو دیگا کہ جو رقم بنک یا ڈاکخانہ میں اس نے جمع کی ہے وہ افسر مجوزہ کے نام سے ضمانت میں رکھی گئی ہے اور وہ خود اس کے کل یا جزو رقم کے برآمد کرنے کا اسوقت تک مجاز نہ ہوگا جب تک کہ اسکی پاس بک واگذاشت نہ ہو جائے۔ پاس بک حسب ذیل عبارت کے ساتھ ضمانت میں دیجائے گی۔

شرائط معاہدہ "افسر مجوزہ" کو مجاز کیا جاتا ہے کہ منظوری حاکم مجاز بحالت نقض معاہدہ مقرر کل یا جزو رقم امانت ضمانت جب چاہے برآمد کر سکتا ہے۔

جملہ پاس بکیں بصورت بالا افسر مجوزہ کے قبضہ میں رہینگی جس کے نام سے معاہدہ ہوا ہے اور وہ افسر ایک باقاعدہ رسید ضمانت دہندہ کو دیگا اور ایک رجسٹر افسر معاہدہ کنندہ بموجب نقشہ مندرجہ تحت جاری کریگا اور پاس بک کا بعنوان تحت اندراج کریگا۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
نمبر شمار	نام ضمانت دہندہ	تعداد رقم امانت ضمانت	تاریخ وصولیابی پاس بک	تاریخ واگذاشت پاس بک	حوالہ حکم ضمانت واگذاشت پاس بک	کیفیت

افسر معاہدہ کنندہ وقتاً فوقتاً بنک یا ڈاکخانہ کو مقررہ تاریخوں پر اندراج رقم سود کیلئے پاس بک بھیجتا رہیگا۔

افسر معاہدہ کنندہ اس امر کا مجاز نہ ہوگا کہ وہ اپنے اختیار سے پاس بک واپس کر دے یا اصل رقم مجتمع شدہ کو برآمد کرے جب تک کہ افسر مجاز بصورت خاص اس بابت حکم نہ دے۔ افسر معاہدہ کنندہ اپنے اختیار سے رقم سود ضمانت دہندہ کی تحریری درخواست پر اسکو ادا کرنے کیلئے برآمد کر سکتا ہے۔ سب سے اول برآمد شدہ رقم اور اس کی ادائیگی کی رسید افسر معاہدہ کنندہ حاصل کریگا اور رسید مع اس درخواست کے جو ضمانت دہندہ نے پیش کی ہے پاس بک کا جزو و تاوقتیکہ ختم نہ ہوگی اور اسی کو ایک علیحدہ فائل میں مع اندراج نمبر شمار رجسٹر پاس بک مذکورہ بالا رکھا جائیگا۔

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم:— واقع ۱۳ مئی ۱۹۳۶ء

منشی عبدالوحید خاں صاحب چیف مجسٹریٹ مشاہرہ دو صد پچاس روپیہ ماہوار بوجہ کبر سنی خدمات سے ریٹائر ہونے کے قابل ہیں۔ اور اسی بنا پر ۱۰ مئی ۱۹۳۶ء سے چودھری شرف الزماں صاحب بیرسٹر ایٹ لا کا تقرر بعہدہ چیف مجسٹریٹ بمشاہرہ چار سو روپیہ اجلاس ہمایوں سے منظور ہو چکا ہے۔ لہذا منشی عبدالوحید خاں صاحب کی رخصت رعایتی ایک ماہ سات یوم از ۱۶ مئی ۱۹۳۶ء تا ۲۲ جون ۱۹۳۶ء حسب استحقاق بطور پریپریٹری ٹو ریٹائرمنٹ منظور کیجاتی ہے اور بعد ختم رخصت ۲۳ جون ۱۹۳۶ء سے انکو ریٹائر کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے فی الفور احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے احکام اسٹیٹ کونسل میں شامل ہونے کے لئے اصل ہذا بخدمت صاحب سکریٹری بہادر کونسل ارسال ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر